## سوال

(253) پانچوں فرض نمازوں کی رکعتیں بمعہ سنت ونفل

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پانچوں فرض نمازوں کی رکعتیں بمعہ سنت ونفل بتائیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فجر کے دو فرض ہیں ان سے پہلے دو سنتیں ہیں رہ جائیں تو فرضوں کے بعد طلوع آفتاب سے قبل ادا کی جا سکتی ہیں ۔ ظہر کی چار سنتیں فرضوں سے پہلے اور چار فرضوں کے بعد اور چار فرض ہیں ۔ عصر کی چار سنتیں فرضوں سے پہلے اور دو فرضوں کے بعد اور چار فرض ہیں مغرب کی دو سنتیں فرضوں سے پہلے اور دو فرضوں کے بعد اور تین فرض عشاء کی دو سنتیں فرضوں سے پہلے چار فرضوں کے بعد تین وتر اور دو وتروں کے بعد اور چار فرض ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام ومسائل

## نماز کا بیان ج1ص216

محدث فتویٰ